اس کے علاوہ اس مجموعۂ مقالات میں مولانا فضل حق خیر آبادی، قائد اعظم، علّامہ اقبال، رئیس احمد جعفری اور عزیز احمد کے حوالے سے مضامین یک جا کیے گئے ہیں۔ ہر مضمون مُصنّف کی وسعتِ مطالعہ کی نشان دہی کرتا ہے۔

مجموعی طور پر کتاب شعور آفریں اور بصیرت افروز تحریروں سے مُزیّن ہے۔ تاریخی و تہذیبی شعور کی بیداری میں ڈاکٹر معین الدّین عقیل کی مساعی یقیناً لائق توجہ اور قابل داد ہیں۔

پاکستانی زبان و ادب، مسائل و مناظر

مُصنّف: ڈاکٹر معین الدّین عقیل

ناشر: الوقار پبلی کیشنز ۵۰۰ لوئر مال، لاہور۔

ضخامت: ۴۶۴ صفحات سنہ اشاعت: ۱۹۹۹ء

مبصّر: عتیق احمد جیلانی۔

ڈاکٹر معین الدّین عقیل کی ایک اور اہم کتاب پیشِ نظر ہے۔ یہ مجموعۂ مضامین موصوف کی ان تحریروں کا انتخاب ہے جو گذشتہ تین دہائیوں میں شائع ہوئیں۔ یہ مضامین تین حصوں میں منقسم ہیں: ۱۔ زبان ۲۔ ادب اور ۳۔ تحقیق۔

پہلے حصّے میں موجود تحریریں دراصل وہ ادارتی نوٹ ہیں جو بہ حیثیت مدیر "اخبار اردو" (کراچی، ابتدائی دور) اَسّی کی دہائی کے شروع میں تحریر کیے گئے۔ مقتدرہ قومی زبان اور اس کے مذکورہ رسالے کا مقصد اردو کو اس مملکتِ خداداد میں اس کا جائز مقام دلانا اور نفاذ اردو کی راہ میں حائل مشکلات کا ازالہ کرنا ہے۔ چند موضوعات سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ مدیر کی نگاہ اپنے مقصد کی تحصیل میں کہاں کہاں پہنچی ہے: اردو میں انگریزی الفاظ کا استعمال۔ نسخ یا نستعلیق۔ مادری زبان۔ تازہ غلامی۔ زبان کا مزاج، ہماری بے احتیاطی۔ شہروں، سڑکوں، عمارتوں کے انگریزی نام۔ ذرائع ابلاغ کا منفی کردار۔ فطری سائنس کی اصطلاحات کے مسائل۔

دوسرے حصّے میں پاکستان میں اردو ادب: مُحرّکات و مسائل، طنز و مزاح کے دس سال، وطن کا قرض: اردو افسانہ اور پاکستانیت، لائق مطالعہ مضامین ہیں۔ اردو ادب سے مُتعلّق یہ مختصر تحریریں جائزے اور تجزیے کی اچھی مثالیں ہیں۔ ان تنقیدی تحریروں کا ایک نمایاں وصف توازن ہے۔ اظہارِ رائے میں نہ کہیں تلخی اور طنز ہے اور نہ بے جا تعریف و